2019年5月12日ジャング紙ラホール版1面

گوادر فائیو اسٹار ہوٹل پر دہشتگردوں کا حملہ، 2 گارڈ شہید

تینوں حملہ آور مارے گئے، مہمان محفوظ، ترجمان پاک فوج

حملہ آوروں کے پاس بھاری اسلحہ تھا، تین دہشت گردوں نے زبردستی ہوٹل میں گھسنے کی کوشش کی، 4 بجکر 50 منٹ پر حملے کی اطلاع ملی، وزیر داخلہ بلوچستان

معلوم نہیں ہوسکا کہ حملہ آور سمندر سے یا کس راستے سے ہوٹل پہنچے، کالعدم بلوچستان لبریشن آرمی نے حملے کی ذمہ داری قبول کرلی، سیکورٹی فورسز نے علاقے کی ناکہ بندی کردی

گوادر (نمائندہ جنگ، جنگ نیوز، خبرایجنسی) بلوچستان کے ساحلی علاقے گوادر میں فائیو اسٹار ہوٹل پر دہشت گردوں کا حملہ شدید فائرنگ راکٹ حملے میں 2 سیکورٹی گارڈ شہید ہوگئے سیکورٹی فورسز نے اسٹاف اور مہمانوں کو محفوظ مقامات پر منتقل کر دیا، ہوٹل میں چینی شہریوں سمیت کوئی بھی غیر ملکی موجود نہیں تھا، آپریشن میں 3 دہشتگردوں کو مار دیا گیا جبکہ 2 اہلکار زخمی ہوئے، حملہ آوروں کے پاس بھاری اسلحہ تھا، تین دہشت گردوں نے زبردستی ہوٹل میں گھسنے کی کوشش کی، وزیر داخلہ بلوچستان کا کہنا ہے کہ 4 بجکر 50 منٹ پر حملے کی اطلاع ملی جبکہ معلوم نہ ہوسکا کہ حملہ آور سمندر سے یا کس راستے سے ہوٹل پہنچے، کالعدم بلوچستان لبریشن آرمی نے حملے کی ذمہ داری قبول کرلی جبکہ ہوٹل کو کلیر کرنے کیلئے رات گئے تک آپریشن جاری تھا۔ تفصیلات کے مطابق پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق 3 دہشت گردوں نے پی سی گوادر میں زبردستی داخل ہونے کی کوشش کی، انٹری پر موجود گارڈ نے دہشت گردوں کو روکا جس پر دہشت گردوں کی فائرنگ سے ہوٹل کا سیکورٹی گارڈ شہید ہوگیا، آئی ایس پی آر کے مطابق ہوٹل میں موجود مہمانوں کو بحفاظت باہر نکال لیا گیا ہے اور سیکورٹی فورسز نے علاقے کی ناکہ بندی کردی ہے، سیکورٹی فورسز کے اہلکار دہشت گردوں کو گھیرے میں لے کر بالائی منزل تک لے گئے جبکہ سیکورٹی فورسز کا کلیئرنس آپریشن جاری ہے۔ ادھر صوبائی وزیر داخلہ ضیا لانگو کا کہنا ہے کہ فورسز اور دہشت گردوں کے مابین فائرنگ کے تبادلے میں کچھ افراد زخمی ہوئے ہیں تاہم ان میں کسی غیر ملکی باشندے کے زخمی ہونے کی کوئی اطلاع نہیں، ہوٹل میں موجود افراد کو ہیلی کاپٹر کے ذریعے ریسکیو کرکے بحفاظت نکال لیا گیا۔ دوسری جانب وزیر اطلاعات بلوچستان کا کہنا ہے کہ گوادر کے ہوٹل میں صرف اسٹاف موجود تھا جنہیں بحفاظت باہر نکال لیا گیا ہے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ تین دہشت گردوں نے ہوٹل پر حملہ کیا جس پر سیکیورٹی فورسز نے بروقت کارروائی کی۔ قبل ازیں ایس ایچ او گوادر اسلم بنگلزئی کا کہنا تھا کہ ’ہمیں 4 بج کر 50 منٹ پر یہ اطلاع ملی کہ 3 سے 4 دہشت گرد پرل کانٹینینٹل ہوٹل میں داخل ہوئے جبکہ سیکیورٹی فورسز اور حملہ آوروں کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ بھی ہوا۔